آپ کو میموگرام کیوں کروانا چاہیے؟

شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اینڈ ریسرچ سینٹر

اس ٹیسٹ کے نتائج کی وضاحت کون کرے گا اور یہ نتائج مجھے کیسے ملیں گے؟

کوئی ریڈیالوجسٹ آپ کے اس ٹیسٹ کا تجزیہ کرے گا اور اپنے دستخطوں والی ایک رپورٹ آپ کے پرائمری کیئر سینٹر یا آپ کو ریفر کرنے والے فزیشن کو بھجوائے گا' وہ سینٹر یا فزیشن ہی آپ کو اس پروسیجر کے نتائج کے بارے میں بتائے گا۔

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
7A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 3590 5000 Ext 4155 - 4165 | Fax: +92 42 3594 5150
www.shaukatkhanum.org.pk

میموگرام کیا ہے؟

میموگرام ایک خاص قسم کی میڈیکل امیجنگ **(Medical imaging)** ہے جس میں کم مقدار کی ایکس ریز کے ذریعے خواتین کی چھاتیوں میں موجود ٹیومرز کو، اس سے پہلے کہ وہ اتنے بڑھ جائیں کہ وہ انھیں محسوس کرسکیں، تشخیص کیا جاسکتا ہے۔

مجھے اس پروسیجر کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

آپ کے فزیشن نے آپ کو میموگرام کرانے کیلئے غالباً اس لئے کہا ہے کیونکہ آپ کو چھاتی کا کینسر ہونے کا خدشہ ہے یا پھراس کی علامات موجود ہیں۔ ان علامات میں گلٹی کا ہونا، نپل **(nipple)** سے رطوبت کا اخراج اور چھاتی میں تکلیف وغیرہ شامل ہیں۔ میموگرام کسی دوسری غیر معمولی تبدیلی کے مشاہدے کیلئے بھی کیا جا سکتا ہے۔ میموگرام **40** سال سے زائد عمر کی خواتین میں کینسر کی تشخیص کیلئے بہت ضروری ہے اور بین الاقوامی معیار کے مطابق سال میں ایک بار میموگرام ضرور کرانا چاہئے ۔

مجھے اس عمل کیلئے کیسے تیار ہونا ہوگا؟

اس پروسیجر کیلئے جانے سے پہلے اپنی بغل اور چھاتیوں پر کسی قسم کا پرفیوم، لوشن یا پاؤڈر وغیرہ نہ لگائیں کیونکہ یہ اشیاء میموگرام میں کیلشیم کے دھبوں کی صورت میں ظاہر ہوسکتی ہیں۔ اس پروسیجر کے دوران آپ کو ایک گاؤن پہننے کیلئے دیا جائے گا۔ دھات سے بنی ہوئی ہر چیز اتار دیجئے جیسے زیورات، سر کے بالوں میں لگانے والی پنیں، مصنوعی دانت، عینک وغیرہ۔ اگر آپ نے اس سے پہلے میموگرام کرائے ہیں تو انھیں اپنے ساتھ لائیں تا کہ آپ کا فزیشن نئے میموگرام سے ان کا موازنہ کرسکے۔ اگر آپ حاملہ ہیں یا آپ کو احتمال ہو کہ آپ حاملہ ہو سکتی ہیں تو اس بارے میں ڈاکٹر یا ٹیکنالوجسٹ کو آگاہ کرنا چاہئے کیونکہ ایکس ریز پیٹ میں موجود بچے کو نقصان پہنچاسکتی ہیں۔

میموگرام کیسے کیا جائے گا؟

آپ کو میموگرام سکین کی میز پر لے جایا جائے گا اور دستیاب مشین کے مطابق ٹھیک پوزیشن میں بٹھایا یا لٹایا جائے گا۔ ایک خاص ایکسرے پلیٹ پر ایک وقت میں ایک چھاتی کو رکھا جائے گا اور ایک آلہ، جسے کمپریسر **(compressor)** کہا جاتا ہے، کی مدد سے چھاتی پر دباؤ ڈالا جائے گا تا کہ چھوٹی سے چھوٹی علامت بھی ظاہر ہوسکے۔ یہ عمل چھاتی کو ساکن رکھنے اور امیجز کو شفاف بنانے کیلئے بھی ضروری ہے۔ آپ کا ٹیکنالوجسٹ اس دوران شیشے کی ایک شیلڈ کے پیچھے کھڑا ہوگا۔ دونوں چھاتیوں کا امیج ایک طرف سے اوپر سے نیچے مکمل طور پر لیا جائے گا۔ عمل مکمل ہو جائے گا تو ٹیکنالوجسٹ آپ سے کچھ دیر کیلئے انتظار کرنے کو کہے گا تا کہ ریڈیالوجسٹ یہ اندازہ لگا سکے کہ کسی اور زاویے سے امیجز حاصل کرنے کی ضرورت تو نہیں۔ یہ سارا عمل عام طور پر **30** منٹ میں مکمل ہوجاتا ہے۔

اس عمل کے دوران مجھے کیسا محسوس ہوگا؟

آپ اس پروسیجر کے دوران چھاتی پر دباؤ محسوس کرسکتی ہیں۔ ایسی خواتین جن کی چھاتیاں زیادہ حساس ہوں، وہ اس دوران مزید بے آرامی محسوس کرسکتی ہیں۔ اس دوران دباؤ بڑھنے کے ساتھ اگر آپ کو زیادہ تکلیف یا بے آرامی محسوس ہو تو فوراً اس بارے میں اپنے ٹیکنالوجسٹ کو بتائیے۔